Maulana Azad National Urdu University
M.A. : Urdu, IV Semester Examination, July 2023
Paper - MAUR401DST : Tanz o Mizah
پرچہ : طنز و مزاح

Time : 3 hrs

Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال 1:

i. دورِ حاضر میں طنز و مزاح کا نمائندہ رسالہ 'شگوفہ' کہاں سے شائع ہوتا ہے۔

(a) دہلی (b) لکھنو (c) ممبئی (d) حیدرآباد

ii. ذیل میں کونسا کردار اردو کا مشہور مزاحیہ کردار نہیں ہے۔

(a) خوجی (b) مرزا ظاہردار بیگ (c) کالو بھنگی (d) چچا چھکن

iii. اودھ پنچ کے قلم کاروں میں کون لغت نویسی کے انداز میں طنز و مزاح تخلیق کرتے تھے۔

(a) منشی سجاد حسین (b) رتن ناتھ سرشار (c) نواب آزاد (d) مرزا مچھو بیگ ستم ظریف

iv. طنزیات و مضحکات کس کی تصنیف ہے۔

(a) احمد جمال پاشاہ (b) رشید احمد صدیقی (c) خواجہ عبدالغفور (d) وزیر آغا

v. کس مزاح نگار نے اپنا قلمی نام اپنے استاد کے نام سے اخذ کیا ہے۔

(a) ابن انشا (b) شوکت تھانوی (c) یوسف ناظم (d) پطرس بخاری

vi. 'اودھ پنچ' کب جاری ہوا۔

(a) ۱۸۷۷ء (b) ۱۸۸۰ء (c) ۱۸۸۸ء (d) ۱۸۹۰ء

vii. یہ قول کس کا ہے۔

''بہترین طنز کی اساسی شرط یہ ہے کہ وہ ذاتی عناد و تعصب سے پاک اور ذہن و فکر کی بے لوث برہمی یا شگفتگی کا نتیجہ ہو''

(a) مشتاق احمد یوسفی (b) رشید احمد صدیقی (c) شفیق الرحمن (d) خورشید الاسلام

viii. ’پیاز کے چھلکے‘ کے عنوان سے کون مزاحیہ کالم لکھا کرتے تھے۔

(a) ملا رموزی (b) مجتبیٰ حسین (c) شاہد حسین (d) فکر تونسوی

ix. جھنگر، مکھی، مچھر، الو جیسے موضوعات پر کس نے شگفتہ تحریریں قلمبند کی ہیں۔

(a) عظیم بیگ چغتائی (b) ابراہیم جلیس (c) خواجہ حسن نظامی (d) محفوظ علی بدایونی

x. ذیل میں کونسی تصنیف کنہیالال کپور کی ہے۔

(a) آب گم (b) سنگ وخشت (c) خنداں (d) بہرحال

حصہ دوم

2. تحریف نگاری (پیروڈی) کی تعریف مع مثالوں کے بیان کیجیے۔

3. سودا نے قصیدہ ’تضحیک روزگار‘ میں کس کی ہجو کی ہے۔

4. پطرس بخاری کی تحریروں میں خالص مزاح پر تبصرہ کیجیے۔

5. ’سودیشی ریل‘ کے مسافر کے سفر کی روداد قلمبند کیجیے۔

6. مجتبیٰ حسین نے اپنے مضمون ’غالب کی پریس کانفرنس‘ میں غالب کے اشعار کو مزاح کی تخلیق کے لیے کس طرح استعمال کیا ہے۔

7. نظم ’برق کلیسا‘ میں اکبرالہ آبادی نے کس پر طنز کیا ہے۔

8. رشید احمد صدیقی کے طنزیہ ومزاحیہ اسلوب کی خصوصیات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

9. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(a) حماقتیں (b) ارہر کا کھیت (c) ہاسٹل میں پڑھنا (d) پڑیئے گر بیمار

حصہ سوم

10. طنز و مزاح کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اقسام پر روشنی ڈالیے۔

11. اردو نثر میں طنز و مزاح نگاری کی روایت کا جائزہ لیجیے۔

12. مشتاق احمد یوسفی کی طنز و مزاح نگاری کی امتیازی خصوصیات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

13. کنہیالال کپور کے مضمون ’غالب جدید شعراء کی مجلس میں‘ کا تجزیہ کیجیے۔

14. اردو شاعری میں طنز و مزاح کی روایت پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔